<u>پریس ریلیز</u>

قومی کتاب میلے کا تیسرا دن

قلی قطب شاہ اور مخدوم محی الدین کے شہر میں اردو کی کتابیں کر رہی ہیں خریداروں کا انتظار

حیدرآباد 14 دسمبر 2015

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان اور تلنگانہ اردو اکادمی کے اشتراک سے منعقد ہونے والا قومی کتاب میلہ حیدرآباد کے قلی قطب شاہ اسٹیڈیم میں گذشتہ 12 دسمبر سے جاری ہے اور آئندہ 20 دسمبر تک جاری رہے گا۔ آج اس میلے کا تیسرا دن ہے لیکن قلی قطب شاہ اور مخدوم محی الدین جیسے جانثاران اردو کے شہر میں ملک کے مختلف ریاستوں سے لاکھوں کتابیں لے کر آئے ناشرین ہنوز شائقین اردو زبان کے منتظر ہیں کہ وہ آئیں اور اپنی پسندیدہ زبان میں سیکڑوں موضوعات پر موجود کتابیں ایک احاطے کے اندر خرید سکیں۔

واضح ہو کہ حیدرآباد میں اس سے قبل منعقد کیے گئے دو میلوں میں شائقین کتب کی بھیڑ ہوا کرتی تھی لیکن اس تیسرے کتاب میلے میں شائقین اردو زبان میلے میں آنے کی جگہ گھروں میں آرام فرما رہے ہیں۔ باذوق اردو عوام کی دلچسپی کے لیے یہاں ہر روز مختلف عنوان کے تحت ثقافتی پروگرام بھی منعقد کیے جاتے ہیں تاکہ اردو کے شیدائی کتابیں بھی خریدیں اور اردو تہذیب وثقافت کی آئینہ دار متنوع خالص ادبی تفریح سے بھی لطف اندوز ہوں۔

قلی قطب شاہ اسٹیڈیم میں شام کے چھ بجے صوفیانہ قوالی کے عنوان سے معروف بنکار جناب عتیق حسین خاں بندہ نوازی نے اپنی مسحور کن آواز میں روحانیت کے جلوے بکھیرے۔ 15 دسمبر کو بھی میلہ حسب معمول گیارہ بجے سے رات کے 10 بجے تک جاری رہے گا اور ثقافتی پروگرام کے تحت گیارہ بجے سے کتابوں پر تبصرہ کیا جائے گا جس میں بحیثیت ممبر جناب امتیاز الدین، ڈاکٹر عقیل ہاشمی، ڈاکٹر حبیب نثار، پروفیسر بیگ احساس، ڈاکٹر نسیم الدین فریس موجود ہوں گے جبکہ اس پروگرام کی صدارت ڈاکٹر مصطفی کمال اور جناب مضطر مجاز صاحب فرمائیں گے۔ شام چھ بجے شام افسانہ ہے جس میں جناب انیس فاروق، محترمہ قمر جمالی، جناب عباس متقی جناب امتیاز الدین صاحب تشریف لائیں گے۔